## سوال

(481) حجرِ اسود جنت کا پتھر

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حجر اسود کیا واقعی جنت سے لایا گیا تھا اگر نہیں تو اس کی تاریخ کیا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ "حجر اسود" کا تعلق جنت سے ہے اگر چہ کچھ ضعیف ہیں لیکن دیگر بعض قابل حجت بھی ہیں ۔ المشکاۃ للبانی باب دخول مکۃ والطواف الفصل الثانی ح (٢٥٧٧) والتحقیق الثانی للبانی (٢٥١-) والترمذي (١٧٧) وقال ''حسن صحیح'' وقال البانی وہو کما قال

ملاحظہ ہو، (فتح الباری 3/9462)

بلکہ علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے "حواشی مشکوۃ" پر ان کو صحیح قرار دیا ہے ۔ صحیح البخاری باب ما ذکر فی الحجر الاسود) اورجملہ تفاصیل کےلیے ملاحظہ ہو ۔ (تاریخ الکعبۃ المعظمہ مولفہ حسین عبداللہ بالسلامہ الفصل الخامسی خبر الحجر الاسود ص 149)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص769

## محدث فتویٰ